ilmkidunya
علم کی دنیا

Social Studies (Urdu Medium) - 5th Class Social Studies Full Book Short Questions

Q1. برطانوی مفکر جان اسٹورٹ مل نے معاشرتی ترقی کا کیا راستہ بتایا ہے.

Ans 1: برطانوی مفکر جان سٹورٹ مل نے معاشری ترقی کا واحد راستہ یہ بتایا ہے کہ انسانونکو آزادانہ طور پر اپنے خیالات کا اظہار کرنے دیا جائے.

Q2. سن 1857 کی جنگ آزادی کا کیا نتیجہ نکلا.

Ans 1: سن 1857 کی جنگ آزادی مسلمان اور ہندو ہار گئے اور انگریز جیت گئے.

Q3. ماضی میں لوگ دوسروں تک پیغام بھیجنے کے لے کون سے زرائع استعمال کرتے تھے.

Ans 1: ماضی میں لوگ دوسروں تک پیغام بھیجنے کے لے پرندوں خط کتابت وغیرہ استعمال کرتے تھے اور کبھی بلند آواز سے لوگوں کو خبر دی جاتی تھی.

Q4. ہمالیہ کبیر کن علاقوں کے پہاڑی سلسلوں پر مشتمل ہے.

Ans 1: ہمالیہ کبیر سوات، کوہستان اور گلگت بلتستان کے پہاڑی سلسلوں پر مشتمل ہے.

Q5. گرڈ کسے کہتے ہیں.

Ans 1: نقشے یا گلوب پر افقی اور متوازی لائنوں کے جال کو گرڑ کہتے ہیں.

Q6. انسان کے بنیادی حقوق کون کون سے ہیں.

Ans 1: انسان کے بنیادی حقوق خوراک، لباس اور رہائش ہیں.

Q7. بین الاقوامی تجارت سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے کےلیے جو دوسرے ملکوں سے تجارت کی جاتی ہے اسے بین الاقوامی تجارت کہتے ہیں.

Q8. گندھارا تہذیب کا موجودہ خطہ کون سا ہے.

Ans 1: پشاور، سوات اور دریائے کابل کی وادیاں گندھارا تہذیب کا خطہ ہیں.

Q9. بعض اوقات اختلاف کس کی صورت اختیار کرلیتا ہے.

Ans 1: بعض اوقات اختلاف تنازعے کی صورت اختیار کرلیتا ہے.

Q10. بنیادی سمتیں کون کون سی ہیں.

Ans 1: شمال، جنوب، مشرق اور مغرب چار بنیادیں سمتیں ہیں.

Q11. خاران کا صحرا کہاں واقع ہے.

Ans 1: خاران کا صحرا بلوچستان کے ضلع خاران میں واقع ہے.

Q12. کاروبار میں جدت کب پیدا ہوتی ہے.

Ans 1: کاروبارمیں جدت تب پیدا ہوتی ہے جب کوئی شخص اپنے کاروبار میں بہتری لانے کے لیے نئی مصنوعات ، خدمات یا طریقے متعارف کرواتا ہے.

Q13. سن 1938 میں مسلم لیگ کے اجلاس منعقدہ کراچی میں کون سی قرار داد منظور کی گئی.

Ans 1: سن 1938 میں مسلم لیگ کے اجلاس منعقدہ کراچی میں آزاد مسلم ریاست کے لیے ایک قرار داد منظور کی گئی.

Q14. ہامون متخیل جھیل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں.

Ans 1: صحرائے خاران میں نمکین پانی کی ایک جھیل واقع ہے جسے ہامون مثیل جھیل کہا جاتاہے.

Q15. خطوط طول بلد کسے کہتے ہیں.

Ans 1: یہ فرضی خطوط گلوب یا نقشے پر قطب شمالی کو قطب جنوبی سے ملاتےہیں. یہ نصف دائرے ہوتے ہیں.

Q16. سطح مرتفع پوٹھوار کہاں واقع ہے.

Ans 1: سطح مرتفع پوٹھوار دریائے سندھ اور دریائے جہلم کے درمیان واقع ہے.

Q17. پاکستان میں منائے جانے والے مذہبی تہوار کون کون سےہیں.

Ans 1: پاکستان میں مسلمان عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کا تہوار مناتے ہیں اور دورے مذاہب کے تہواروں میں کرسمس ، بیساکھی اور دیوالی وغیرہ اہم ہیں.

Q18. صوبے کی انتظامیہ کا کون سربراہ ہوتا ہے.

Ans 1: صوبے کی انتظامیہ کا سربراہ وزیراعلی ہوتا ہے.

Q19. انٹرنیٹ کے کوئی سے دوفوائد و نقصانات تحریر کریں.

Ans 1: 1- ہم حالات حاضرہ سے باخبر رہتے ہیں. 2- مختصر وقت میں معلومات کو ایک جگہ سے دوسری جگہ آسانی سے بھیجا جاسکتا ہے. انٹرنیٹ کے دو نقصانات: 1- انٹرنیٹ کا بے جا استعمال وقت کا ضیاع ہے. 2- اس کے بے جااستعمال سے صحت پر منفی اثر پڑتا ہے.

Q20. گرم علاقوں کی طرف سے آنے والی ہوائیں کسی علاقے کے درجہ حرارت پر کیا اثر ہوتی ہے.

Ans 1: گرم علاقوں کی طرف سے آنے والی ہوائیں کسی علاقے کی درجہ حرارت کو مزید بڑھادیتی ہیں.